قانون برائے فروخت اشیاء کے تحت خریدار اور فروخت کنندہ کی ذمہ داریاں

بحوالہ

اشیاء کی فروخت کا قانون 1930ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلیئے وزارت قانون، انصاف اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔

اس مواد کی تیاری کے لئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

قانون برائے فروخت اشیاء کے تحت خریدار اور فروخت کنندہ کی ذمہ داریاں

سوال1۔ خریدار اور فروخت کنندہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ خریدار سے مراد ایسا شخص ہے جو معاوضہ کے بدلے کوئی چیز حاصل کرے جبکہ فروخت کنندہ سے مراد ایسا شخص ہے جو معاوضہ حاصل کرنے کے بعد متعلقہ چیز کو خریدار کے حوالے کرے۔

سوال2۔ خریدار اور فروخت کنندہ کی ذمہ داریوں کا تعین کس قانون کے تحت کیا جاتا ہے؟

جواب۔ اشیاء کی فروخت کے قانون 1930ء کے تحت عوام الناس کے درمیان خرید وفروخت کے عمل کے لئے اصول وضوابط وضع کئے گئے ہیں۔ یہ اصول وضوابط بائع (فروخت کنندہ) اور مشتری (خرید کنندہ، خریدار) کے حقوق وفرائض کا تعین کرتے ہیں۔ یہ قانون خرید وفروخت کے معاملات میں لین دین، حوالگی مقبوضگی وغیرہ کی تفصیلات اور طریقہ کار پر ضابطہ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فریقین کی طرف سے معاہدہ فروخت کی تکمیل کی حدود بھی واضح کرتا ہے۔

سوال3۔ اشیاء کی حوالگی سے متعلق خریدار اور فروخت کنندہ کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب۔ فروخت کنندہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ فروخت شدہ اشیاء کو خریدار کے حوالے کرے اور خریدار کی ذمہ داری ہے کہ وہ اشیاء کو وصول کرے اور طے شدہ قیمت فروخت کنندہ کو ادا کرے۔

سوال4۔ فروخت شدہ اشیاء کا قبضہ حاصل کرنے کے بعد خریدار کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب۔ فروخت شدہ اشیاء کے ضمن میں اگر ان کی حوالگی اور وصولی کے لئے مخصوص شرائط طے نہ کی گئی ہوں تو فروخت شدہ اشیاء کا قبضہ لینے کا خریدار ذمہ دار ہے اور وہ طے شدہ قیمت ،فروخت کنندہ کو زرنقد کی صورت میں فوراً ادا کرنے کا پابند ہوتا ہے۔ مخصوص شرائط کی موجودگی میں فروخت کنندہ، فروخت شدہ اشیاء کو طے شدہ طریقہ کار وشرائط کے مطابق خریدار کے حوالے کرنے کا پابند ہے۔

سوال5۔ جزوی حوالگی اور ادائیگی کی شرائط سے متعلق فریقین کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب۔ اگر فریقین کے درمیان معاہدہ بیع میں جزوی حوالگی اور ادائیگی کی شرائط طے ہوئی ہوں تو فریقین طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہی اشیاء کی وصولی اور قیمت کی ادائیگی کرتے ہیں۔ اور ایسی صورت میں معاہدہ کی تکمیل تک فریقین اپنی اپنی ذمہ داریوں سے آزاد نہیں ہوتے۔

سوال6۔ کن صورتوں میں فریقین اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں؟

جواب۔ اگر فریقین کے درمیان یہ بات طے شدہ ہو کہ وہ صرف طلب کرنے پر ہی اپنے اپنے حصہ کی ذمہ داریاں ادا کریں گے تو فریقین اپنی اپنی طرف سے طلب کے اظہار کے بعد ہی ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہو سکتے ہیں۔

سوال 7۔ اشیاء کی حوالگی، وصولی اور ادائیگی قیمت کے لئے کوئی مخصوص جگہ یا وقت طے ہونے کی صورت میں فریقین کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب۔ اگر فریقین کے درمیان، اشیاء کی حوالگی اور اشیاء کی وصولی اور ادائیگی قیمت کے لئے کوئی مخصوص جگہ یا وقت طے پایا ہو تو فریقین طے شدہ شرائط کے مطابق ہی معاملات طے کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اگر کوئی دیگر طریقہ کار طے شدہ طریقہ کار کے خلاف اختیار کیا جائے تو وہ طریقہ کار اصل معاملات کے خلاف ہوتا ہے اور فریقین اپنی اپنی ذمہ داریوں سے آزاد نہیں ہو سکتے۔

سوال 8۔ فروخت شدہ اشیاء کی حوالگی سے متعلق اخراجات کس فریق کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب۔ فروخت شدہ اشیاء کی حوالگی کے ضمن میں آنے والے تمام اخراجات فروخت کنندہ کے ذمہ ہوتے ہیں اگر چہ فریقین کے درمیان کوئی اور شرط طے نہ ہوئی ہو۔

سوال 9۔ قانونی حوالگی کے لئے کیا شرائط ہیں؟

جواب۔ اگر فروخت کنندہ نے غلطی سے کسی دوسرے شخص کو فروخت شدہ اشیاء حوالے کر دی ہوں تو قانون کی رو سے یہ حوالگی نہ ہوگی اور فروخت کنندہ اپنی ذمہ داریوں سے آزاد نہ ہوگا۔ اسی طرح اگر فروخت شدہ اشیاء کم یا زائد مقدار میں یا ملاوٹ شدہ شکل میں حوالہ کی گئیں ہوں تو فروخت کنندہ کی ذمہ داریاں قائم رہتی ہیں تاوقتیکہ اشیاء کی حوالگی اصلی شکل میں خریدار کو کر دی جائے۔ حوالگی کے لئے کی جانے والی شرائط اور طریقہ کار پر عمل درآمد کرنا فروخت کنندہ کی ذمہ داری ہے اور اسی طرح طے شدہ شرائط کے مطابق اشیاء کی قیمت ادا کرنا خریدار کی ذمہ داری ہے۔

سوال 10۔ خرید و فروخت کے دوران ہونے والے نقصان کی ذمہ داری کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے؟

جواب۔ اگر فروخت کنندہ کی درخواست کے باوجود، خریدار مناسب وقت کے اندر قبول نہیں کرتا تو ایسی صورت میں فروخت کنندہ کو ہونے والے نقصان کی ذمہ داری خریدار پر ہوگی۔ اگر فروخت کنندہ کو خریدار کی غفلت یا لاپرواہی حوالگی کی وجہ سے نقصان ہوا ہو تو وہ اس کو ادا کرے گا، مزید یہ کہ خریدار کی طرف سے کسی خرابی کی صورت میں نقصان کا ذمہ دار خریدار خود ہوتا ہے۔

سوال 11۔ قانون برائے فروخت اشیاء کے تحت خریدار اور فروخت کنندہ کی ذمہ داریوں سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی قانون برائے فروخت اشیاء کے تحت خریدار اور فروخت کنندہ کی ذمہ داریوں سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں:

(1) قانون و انصاف کمیشن، حکومتِ پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد، فون نمبر 051-9220483۔
فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، فون نمبر 739-739-111،
ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔